INTERNATIONAL MONETARY FUND

COMMUNICATIONS DEPARTMENT

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ
واشنگٹن، ڈی سی 20431 ریاست ہائے متحدہ امریکہ

پریس ریلیز نمبر 390/18
برائے فوری اجرا
11 اکتوبر 2018ء

پاکستان کے بارے میں آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹین لیگارڈ کا بیان

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر محترمہ کرسٹین لیگارڈ نے آج بالی، انڈونیشیا میں مندرجہ ذیل بیان جاری کیا:

''پاکستان کے وزیر برائے مالیات، محاصل اور معاشی امور اسد عمر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر طارق باجوہ اور ان کی معاشی ٹیم کے ارکان سے آج میری ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے پاکستان کے معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے آئی ایم ایف سے مالی معاونت کی درخواست کی۔

''آئی ایم ایف کی مدد سے ممکنہ معاشی پروگرام پر ابتدائی گفت و شنید کے لیے آئندہ ہفتوں کے دوران آئی ایم ایف کی ایک ٹیم اسلام آباد کا دورہ کرے گی۔ ہمیں توقع ہے کہ ہماری شراکت داری جاری رہے گی۔''